المصطفیٰ ﷺ مرکز

قائم شدہ 23رمضان المبارک 27 اکتوبر 2005ء (شاہ پور،شیخوپورہ) : 14نومبر بروز جمعہ 2025ء (نیول،اسلام آباد)

کارکردگی رپورٹ جنوری تا دسمبر 2025ء

☆ بسم اللہ! تمام قسم کی تعریفات اور لاتعداد حمد وثناء اللہ رب العالمین کے لیے جو کہ اکیلا خالق، مالک اور رب ہے اور لاتعداد درودوسلام محبوب خدا جناب محمد مصطفی ﷺ پر جو رحمت اللعالمین اور خاتم النبیین ہیں۔

☆ اور اللہ رحمتیں نازل فرمائے اہل بیت اطہارؓ ،صحابہ اکرامؓ ،اولیاء کرام ،علماء کرام اور اپنے مومنین بندوں پر۔

قرآن پاک و پارے اور تعلیم مصطفی ﷺ کے شائع ہونے والی کتب ولٹریچر کی تفصیل درج ذیل ہے۔

سال	2005 to Dec 2024	Jan to Dec. 2025	مجموعہ
کتب تعلیم مصطفی ﷺ ،اسٹیکرز ،پوسٹرز ،اذکار کارڈ ،فلیکسز	294,331	33,337	327,668
قرآن پاک سادہ تجویدی مترجم و پارے (عم پارہ ،پہلا پارہ ،قاعدہ)	33,868	2,423	36,291
اندرون و بیرون ملک تعلیم مصطفیؐ و تقسیم قرآن پاک کے دورہ جات	اندرونی دورہ جات 74	2بیرونی دورہ جات 27دن	101

المصطفیٰ فلاحی پروگراموں سے مستفید کنندگان کی تعداد درج ذیل ہے۔

پروگرام	2005 to Dec 2024	Jan to Dec. 2025	مجموعہ
شافع ﷺ پروگرام (برائے صحت)	20,174	278	20,452
صدیق اکبرؓ پروگرام (برائے کھانا وراشن)	1,409	2,554	3,963
فاروق اعظمؓ پروگرام (برائے لباس)	206	107	312
عثمان غنیؓ پروگرام (برائے مالی امداد) سیلاب متاثرین (500)	1,567	379	1,946
فاطمۃ الزہرہ شادی گفٹ (قرآن مجید+کراکری سیٹ)	99	5	104
علی المرتضی لائبریری	1,874	70	1,944
کل تعداد مستفید کنندگان	25,329	3,393	28,721

مسجد النور: (مسلکی تعصب سے پاک ،فقط اللہ کا گھر) پانچ وقت نماز ،نماز جمعہ ،نماز عیدین ،درس قرآن ،ناظرہ قرآن پاک کی خدمت فی سبیل اللہ جاری ہے۔ الحمد للہ مسجد النور میں تمام مسالک (دیوبندی ،بریلوی ،اہلحدیث) اتحاد امت کی فکر رکھنے والے علماء ، اسکالرز اور مختلف سلاسل کے پیر صاحبان اکثر خطابت کے لیے تشریف لاتے رہتے ہیں۔ تقریبا 70 طلبہ تعلیم القرآن کلاس میں تعلیم حاصل کر رہے ہیں۔

☆ تعلیم مصطفی ﷺ دعوت و تبلیغ: **بہترین بات اللہ کی کتاب اور بہترین طریقہ محمد ﷺ کا طریقہ ہے،** جس مشن کے تحت قرآن کریم اور تعلیم مصطفی ﷺ کتب ولٹریچر کو بلاتفریق مسلک ،مذہب ،پارٹی ،علاقہ ،تمام امت (اندورن و بیرون ملک) تک پہنچانے کی کوشش انشاءاللہ جاری ہے۔

☆2بیرونی دورے عمرہ سعودی عرب کے دوران سینکڑوں کی تعداد میں انگلش ،اردو ،عربی لیٹریچر سعودیہ ،امان ،یواے ای ،سوڈان ،قطر ،نائجیریا ،ترکی ، ازبکستان ،کازکستان ،امریکا ،برطانیہ ،جرمنی ،انڈیا ،بنگلہ دیش ،سمالیہ ،فرانس ،برونائی اور دیگر مختلف ممالک کے زائرین میں تقسیم کیا۔ الحمدُ للہ

☆المصطفی مرکز کے پلاٹ میں نصب موبائل ٹاوراور دو مرلہ گھر کے کرائے کی آمدن مسجد النور کے لئے وقف ہے۔

☆5 مرلہ گھر بنی گالہ (سابقہ مرکز) کے کرائے کی آمدن المصطفی مرکز کے لئے وقف ہو گی۔

☆مرکز کے تمام اخراجات خادم مرکز وارا کین شوریٰ اور چند مخلص دوستوں کے تعاون سے الحمدللہ پورے ہو رہے ہیں۔

☆دعوت وتبلیغ کی کتب کو اللہ پاک نے شرف قبولیت بخشی اندرون ملک تعلیم مصطفی ﷺ کے اردو اور بیرونی مما لک میں انگلش ایڈیشن پہنچائی جا رہی ہیں۔

☆قرآن پاک، الم پارہ، عمہ پارہ، نورانی قائدہ اور ترجمہ والے قران مجید دورہ جات کے ذریعے تمام ملک (پنجاب، KPK، کشمیر، سندھ، بلوچستان اور GB) کے علاقوں کے مدارس میں پہنچائے جا رہے ہیں، الحمدللہ۔

☆ارباب ویلفئیر کی طرف سے 1800000 روپے مسجد، مدارس کے غریب یتیم طلبہ اور غریب اور بیوہ کو کپڑے جوتے رومال ٹوپی اور دیگر ضروریات راشن اور خصوصا سیلاب متاثرہ کے لئے بستر چارپائی برتن سلنڈر اور خصوصی طور پر کھانا فراہم کیا گیا۔ جس سے ٹوٹل 3947 لوگ مستفید ہوئے۔

دستخط خادم مرکز: سلیم احمد-------------

مرکزی دفتر: المصطفی مرکز، مسلم پلازہ، کیانی سٹریٹ نیومل شرقی، بحریہ انکلیو روڈ اسلام آباد

المصطفی مرکز، KM2 ہرن مینار انٹرچینج حافظ آباد روڈ چک شاہ پور، شیخوپورہ، پنجاب